Tā'bir Nama-i-Khawb
by
Asghar Husain

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

الحمد للہ والمنۃ کہ ہر دو حصّہ

تعبیر نامہ خواب اردو

۱۳۲۵

مؤلفہ عالم بے بدل فاضل اجل مقبول بارگاہ رب المشرقین جناب

مولانا مولوی سید اصغر حسین صاحب حسنی حنفی دیوبندی

کمترین

محمد فخر الدین مالک و مہتمم کے اہتمام سے

مطبع فخر المطابع واقع لکھنؤ میں طبع ہوئی

مارچ سنہ ۱۹۰۶ء

I

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تعبیر نامۂ خواب اُردو

یعنی خلاصۂ تعبیر الرویا عربی امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ مع فوائد از طرف مؤلف

الحمد للہ الذی یحیی ویمیت وھو علی کل شئ قدیر والصلوٰۃ علی رسولہ البشیر النذیر و آلہ واصحابہ الموصوفین بالتطہیر اَمَّا بَعْدُ

واضح ہو کہ عالم خواب خدا تعالی کے عجائبات قدرت مین سے ہی ہر کسی نے غور و فکر کیا مگر آجتک واقعی حقیقت کسی کو معلوم نہوئی - کبھی بالکل اُسی طرح ہو جاتا ہی جیسا خواب مین دیکھا تھا کبھی بالکل برعکس کبھی کسیقدر فرق سے - حدیث شریف مین آیا ہی کہ جو شخص زیادہ سچا ہوتا ہی اُسکا خواب بھی زیادہ سچا ہوتا ہی اور یہ بھی حدیث شریف مین ہی کہ خواب تین طرح کا ہوتا ہی - ایک محض خیال - دوسرا شیطانی اثر جو اکثر ڈرا دیتا ہی - تیسرا منجانب اللہ بشارت اور بہتری کا خواب - حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہی کہ صبح کے قریب جو خواب دیکھا جاتا ہی وہ اکثر سچّا ہوتا ہی اور جن ایّام مین دن رات برّابر ہوتے ہین اُن ایام کا خواب بھی اکثر صحیح ہوتا ہی قیلولہ کے وقت یعنے دوپہر کا خواب بھی درست ہوتا ہی اگر ڈرانے والا خواب کبھی نظر آوے تو بائین کروٹ کی طرف مُنہ کرکے اعوذ باللہ پڑھے اور تین دفعہ

تھو تھو کرکے تھوک دے اور اگر ہو سکے تو اُٹھکر وضو کرکے دو رکعتین پڑھے انشاء اللہ کچھ ضرر نہو گا جب کوئی خواب دیکھے تو ہر کسی سے کہتا نہ پھرے بلکہ کسی عقلمند نیک صالح یا کسی خاص دوست خیرخواہ سے بیان کرے تعبیر دینے والے کو چاہیئے کہ خواہ مخواہ بے سوچے سمجھے کچھ نہ بتلا دے بہت غور کرکے علم و عقل سے کام لیکر جواب دے اور اگر سمجھ مین نہ آوے تو عذر کر دے اسی لیے بہتر و مناسب یہ ہو کہ تعبیر دینے والا قرآن و حدیث کا عالم اور اقوال علما و عقلا سے واقف ہو۔ اگر تعبیر مین کوئی بُرائی اور مصیبت نظر آوے تو صاف صاف نہ کہے بلکہ بطور اشارہ کے بتلا دے اور صدقہ کرنے اور درود شریف پڑھنے کا حکم کرے اور مناسب یہ ہی کہ خواب کو سننے اور تعبیر دینے سے پہلے یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ الرُّؤْیَا وَ اَسْئَلُکَ خَیْرَھَا یَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ اگرچہ ہمیشہ خواب دیکھنے والے کی حالت کے فرق سے تعبیر مین بہت بڑا فرق ہوتا ہے تاہم بعض وہ اصول و قواعد جنسے تعبیر دینے مین اکثر اوقات مدد ملتی ہی حضرت محمد بن سیرین کے تعبیرنامہ سے منتخب کرکے تحریر کیے جاتے ہین جو نہایت بڑے عالم عابد اور محدث اور صحابہ کو دیکھنے والے مشہور تابعی ہین دیگر علوم دین مین کامل ہونے کے علاوہ تعبیر خواب کے فن مین امام تھے ۳۳ھ ہجری مین پیدا ہوے اور ۱۱۰ھ مین وفات ہوئی۔

خدا تعالے اور انبیا اور فرشتون کو خواب مین دیکھنے کا بیان

اللہ تعالے کو خواب مین دیکھنا بشارت ہی عمل کے مقبول ہونے اور جنت مین داخل ہونے کی۔ اگر خواب مین دیکھا کہ گویا فلان محلہ اور مکان مین خدا تعالے نازل ہوے ہین تو اُن لوگون اور مکان والون کے لیے خیر و برکت کا سبب ہی اگر خدا تعالے کو اپنے اوپر غصہ کرتے ہوے دیکھا تو اپنے عمل کو خیال کرکے جو امر معصیت اور گناہ کا ہو اُسکو چھوڑ دے جسنے حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب مین دیکھا اُس سے زیادہ کوئی خوش نصیب نہین اُسے یقین کر لینا چاہیے کہ بلا شبہہ

مین نے آپ ہی کو دیکھا ہی کیونکہ شیطان آپ کی صورت مبارک مین ہرگز نہین آسکتا تعبیر اسکی دنیا
آخرت کی بھلائی ہی وہ نیکی کے کام جو پہلے نہین کیے تھے اب انشاء اللہ سرزد ہونگے اگر قحط کے موسم مین
دیکھے تو قحط دور ہو جاوے وبا کے ایام مین دیکھے تو وبا جاتی رہے یا کم ہو جاے مصیبت مین دیکھے تو
مصیبت دور ہو جاے - اگر آپ کو مردہ یا ہاتھ پانون کٹی ہوا دیکھے تو مصیبت کا سامنا سمجھے یا دین مین
خلل پڑے (اگر دیکھے کہ مین آپ کا لعاب دہن چاٹتا ہون یا آپ کے بدن مبارک کو بوسہ
دیتا ہون یا چاٹتا ہون تو خیر و برکت اور علم دین حاصل ہو آپ کے قدم مبارک کو چاٹے تو
اتباع سنت نصیب ہو اپنے اوپر خفگی دیکھے تو بدعت، گناہ مین مبتلا ہو) دیگر انبیا علیہم السلام اور
فرشتون کو دیکھنے کی تعبیر یہ ہی کہ خیر و برکت حاصل ہووین اگر نقصان ہو دور ہو جاے - بازار مین
اگر فرشتون کو دیکھے غلہ مین ارزانی ہو اگر قبرستان مین دیکھے تو موت کا بازار گرم ہو اگر اپنے آپ کو
دیکھے کہ مین نبی ہو گیا تو کسی بڑی شدت من مبتلا ہو مگر انجام بخیر ہو ف حضرت عیسے کا دیکھنا شفاء مرض
پر اور حضرت موسے علیہ السلام کا دیکھنا دشمن سے نجات پانے پر دلیل ہی-

اذان نماز حج روزہ اور خانہ کعبہ مسجد وغیرہ اور مقبرہ و مکانات دیکھنا

نیک آدمی اذان دیتے ہوے دیکھے تو آخرت کی بھلائی پاوے (اگر مقدمہ مین گواہ نہ ملتا ہو تو گواہ
ملجاے دشمن بھاگ جاے عبادت کی زیادہ توفیق ہو) اور اگر بدکار دیکھے تو چوری مین بدنام ہو کر
پکڑا جاے یا ہاتھ کاٹا جاے ف بعض دفعہ بدکار کو اذان دیکھنے سے توبہ نصیب ہوتی ہی - اگر
نماز پڑھتے ہوے دیکھے تو دخول جنت اور ہدایت نصیب ہو - اگر نماز مین کچھ نقصان دیکھے تو معلوم
کرے کہ دین مین نقصان ہی - اگر قبلہ سے دوسری طرف نماز پڑھتے پاوے تو عام آدمیون کے
لیے اندیشہ ہی توبہ کرنی چاہیے ف اور خاص تبدون کے لیے اسکی تعبیر عمدہ ہی اسی طرح ننگے بدن
نماز پڑھنا بعض کے لیے مضر ہی بعض کے لیے مفید - اگر دیکھے کہ بت کو سجدہ کرتا ہی تو سمجھ لے کہ دنیا

محبت سے کسی گناہ مین مبتلا ہی - اگر امامت کرتے ہوے دیکھے تو سرداری پاوے دیا نیک کام کی
توفیق عطا ہو۔ اگر خطبہ پڑھتے ہوے دیکھے تو اگر اُسکے لایق د اہل ہی بہتر ہی ورنہ برائی پیش آوے
ف اپنے کو روزہ دار دیکھے تو گناہون سے بچنا نصیب ہو اور صبر و شکر حاصل ہو اور زیارت خدا کی
کی امید ہو - اگر روزہ افطار کرتے دیکھا تو رنج دور ہو نعمت ملے اگر روزے مین کچھ کھاتے ہوے دیکھا
تو عبادت مین قصور پڑے یا منجانب اللہ نعمت ملے حج بیت اللہ کے سامان مین دیکھنا بہت اچھا ہی
بعض دفعہ اسکی تعبیر مین حج ہی نصیب ہوتا ہی یا کوئی بھلائی دنیا و آخرت کی حاصل ہوتی ہی - کعبہ کو
دیکھنا موجب امن و امان ہی اگر دیکھا کہ کعبہ کسی دوسرے شہر مین موجود ہی تو اُس شہر کے لیے باعث
امن و برکت کا ہوتا ہی اگر طواف کرتے ہوے دیکھا تو اُسکے دین کی خوبی اور بھلائی کی دلیل ہی ف
کعبہ کی بیحرمتی کرتے ہوے دیکھنے سے دین مین خلل پڑے - کسی دوسری چیز کے گرد اپنے آپ کو طواف
کرتے ہوے دیکھنا اچھا نہین دنیا کی طرف رغبت اور شرک و بدعت کی محبت کی دلیل ہی بعض دفعہ
کعبہ کے دیکھنے سے حج بیت اللہ نصیب ہوتا ہی - مساجد کو دیکھنا بھی بھلائی کی دلیل ہی - مسجد بناتے
ہوے دیکھنا جنت کی بشارت ہی ف کثرت سے مختلف مکانات دیکھنا طرح طرح کے تعلقات پر دلالت
کرتا ہی صوفی خدا پرست کو مختلف مکانات کا دیکھنا مدارج اعلی نصیب ہونے کی دلیل ہے - اگر دیکھے
کہ مکان یا زمین مجھسے بولتے اور کلام کرتے ہین تو کوئی مال یا عجیب امر ایسا حاصل ہو جسکی امید
نہو اور لوگ تعجب کرین - جو شخص اپنے آپ کو زمین مین دھنستا ہوا دیکھے وہ طلب دنیا مین مر جاویگا
مقبرہ کا دیکھنا برا نہین مگر قبر کھودتے ہوے یا مکان منہدم دیکھے تو اندیشہ ہی ف شوالہ اور کنیسہ
مین اپنے آپ کو پاوے تو ایسے امر پیش آوین جو اسکی قدر گھٹا دین - مکلف مکان اور وسیع مجلس
دیکھنا بھلائی کا سبب ہی -

نکاح اور اولاد وغیرہ اور میت جنازہ کفن وغیرہ دیکھنے کا بیان

شادی اور نکاح دیکھنے سے کوئی مرتبہ عزت دنیوی یا اخروی نصیب ہو اگر ایسی عورت سے نکاح
کرنا دیکھے جو مرگئی ہی تو کوئی ایسا کام درست ہو جاوے جس سے مایوسی ہو چکی تھی - اگر ماں بہن
سے نکاح کرنا دیکھے تو صلہ رحمی اور مروت زیادہ ہو اگر کوئی مرد دیکھے کہ میرا نکاح مرد سے ہو گیا ہے تو
دشمن پر فتح پاوے فـ سورت اگر دیکھے کہ میرا نکاح عورت سے ہو گیا ہی تو لڑکی پیدا ہو یا خاوند کو
کوئی برائی پیش آوے - بی بی کو حمل سے دیکھے تو مال و دولت زیادہ ہو - اگر بیٹا پیدا ہوا دیکھے
تو غم پیش آوے لڑکی دیکھے تو فرحت اور آسانی ہوف اکثر اسکے خلاف بھی ہو جاتا ہی - جو شخص
اپنے آپ کو مردہ دیکھے اور رونے چلانے کی آواز ساتھ ہو تو دین کا نقصان ہو اور دنیا کی عزت
ہو - اگر اپنے کو دفن ہوتا دیکھے دین مین بڑا نقصان پڑے اور زیادہ اندیشہ ہوف محنت او
مجاہدہ کرنے والے لوگ اگر اپنے آپ کو مردہ دیکھین تو بھلائی کا باعث ہو - اگر زندہ درگور دیکھے ا
مصیبت پیش آوے یا قید ہو - اگر کسی مردہ کو دیکھا اور اس سے حال پوچھا تو جو کچھ جواب اسنے د
اکثر اوقات وہی صحیح ہوتا ہی - سبز و سپید کپڑے پہنے ہوے دیکھنا جنتی ہونے کی دلیل ہی ف
اگر طاعون کے زمانہ مین کسی زندہ شخص کو سبز کپڑے پہنے ہوے دیکھا تو اسکی جان کا خوف ہی
میت اگر کچھ دے تو بہت اچھا ہی اور اگر میت کو مانگتے ہوے یا اپنے پاس سے کچھ لیتے ہوے دیکھے
تو باعث اندیشہ کا ہی - اگر حالت مرض مین اپنے آپ کو کسی میت کے ہمراہ کسی غیر مشہور مکان
مین دیکھے تو مریض غالباً مرجاے - اگر دیکھے کہ میت نے اس سے روٹی لی ہی تو مال و اولاد کا
نقصان ہوف کفن پہنے ہوے دیکھنا کبھی اچھا ہوتا ہی اور کبھی موت کا اشارہ ہوتا ہی:

درخت پھل اور کھانے کی چیزین دیکھنے کا بیان

اگر پھلدار درخت اور عمدہ مفید درخت دیکھے تو نفع ہو - ببول اور سیہنڈ وغیرہ دیکھے تو نقصان ہو

رخت لگاتے ہوے دیکھنا بہت اچھا ہی بعض دفعہ اسکی تعبیر مین بیٹا پیدا ہوتا ہی لیمو کے دیکھنے سے
ل ملے یا اولاد- زرد و سُرخ خربزہ دیکھنے سے رزق و فائدہ حاصل ہو- سبز دیکھنے سے نقصان ہو
انگور اور کیلا دیکھنا خوبی اور دنیاوی نفع لاوے- گندم سبز دیکھنا اچھا ہی مگر کھانے مین ضرر کا اندیشہ
ہی- لوبیا دیکھنا غم و رنج لاوے- انجیر دیکھنے سے بہت جلد مال ملے یا شرمندگی ہو- دودہ دیکھنا دین
نیا کی بھلائی کا سبب ہی اور سنت نبوی کی پیروی نصیب ہونے کی بشارت اور علم کی طرف
شارہ ہوتا ہی- شراب دیکھنا بہت بُرا ہی ف بعض دفعہ سرخ شراب دیکھنے سے فائدہ بھی ہوتا ہی
شہد دیکھنا خیر و برکت اور بھلائی کا باعث ہی اور شفا مرض کا اشارہ کاے کا گوشت دیکھنا بُرا ہی
ہرن اور بکری کا شکار کرنا اور گوشت کھانا باعث بھلائی اور نفع کا ہی- اونٹ کا گوشت مرض کا اشارہ ہے

پرندہ اور چوپائے وغیرہ جانورون کا دیکھنا

گھوڑے کا دیکھنا بہت اچھا ہی کبھی کوئی دنیاوی و دینی مرتب ملتا ہی کبھی غیب سے مدد ہوتی ہی
اونٹ سے کبھی سفر کیطرف اشارہ ہوتا ہی کبھی غم کی کبھی رفیق کی کبھی زوجہ کی طرف ہاتھی پر سوار
دیکھنا مرتبہ اور عزت کا سبب ہی ہاتھی کو حملہ آور دیکھنا یا دشمن کے پاس ہاتھی دیکھنا بہت بُرا ہی
شیر کو اپنے قبضے مین دیکھنا یا اُسپر سوار ہونا بھلائی ہے- شیر سے لڑنے مین دشمن سے مقابلہ پیش
آوے- شیر کی کھال دیکھنے سے میراث ملنے کا اشارہ ہوتا ہی ف شیر کے سامنے اپنے آپ کو بیٹھے
ہوے دیکھنا بلا خوف کے موجب بھلائی آخرت کا ہی بھیڑیے کا دیکھنا ظالم سے مقابلہ کراوے یا چور
ایذا پہونچاوے- بلی کا دیکھنا بھی چور کا اندیشہ رکھتا ہی بلی سے لڑتے ہوے دیکھے تو مرض طویل
پیش آوے ف بلی کو یا نون پر لپٹا ہوا دیکھے تو عشق و محبت کا جنجال یا کوئی دوسری فکر دامنگیر
ہو- بندر کا دیکھنا دشمن کے زیر ہونے پر دلالت کرتا ہی اور بعض دفعہ رنج پیش آتا ہی- خنزیر کا
دیکھنا بہت بُرا ہی اُسکا دودھ یا گوشت کھاتے پیتے دیکھے تو کوئی سخت گناہ اور امر حرام سرزد ہو

کُتے بھونکتے ہوے دیکھنا غم وفکر اور کسی سخت کام سے مقابلہ ہونے کا اشارہ ہی کُتے کو خاموش دیکھنا دشمن کو مطیع وتابعدار بنا دے - نت کبھی غیب سے مددگار پیدا ہونے کا اشارہ ہوتا ہی صوفی سالک اگر کتے کو خاموش دیکھے تو نفس مطیع ہو - گھوڑا خچر دیکھنے سے کبھی عورت ملتی ہی اور کبھی دشمن مغلوب ہوتا ہی گدہے پر چڑھنا برا نہین لیکن گرتے ہوے دیکھنا کبھی موت کا اشارہ ہوتا ہے سینگ والا بیل کسی بڑے آدمی کیطرف اشارہ ہی بے سینگ کا بیل کسی لاچار وفقیر کی طرف اشارہ ہوتا ہی - سانپ سے ہمیشہ دشمن یا مرض سمجھا جاتا ہی - بڑی مچھلیون کا کھانا اور شکار کرنا بہت خوب ہی - مگر چھوٹی چھوٹی مچھلیون کے دیکھنے سے فکر وغم لاحق ہو - ایک دو مینڈک دیکھنا برا نہین مگر کثرت سے دیکھنا عذاب کی دلیل ہی مرغ کا دیکھنا آخرت کی بھلائی کی دلیل ہی - مرغی سے عورت کیطرف اشارہ ہوتا ہی -

متفرق چیزون کا بیان

آسمان پر چڑھنا شہید ہونے کیطرف اشارہ ہی اور دنیا کی عزت - آفتاب سے بادشاہ کی اور ماں باپ کی طرف اشارہ ہوتا ہی - گرہن دیکھنے سے ماں باپ یا بادشاہ پر یا عام لوگون پر تکلیف پھر مین چاند یا آفتاب کا آنا کسی بڑی خیر وبرکت یا زوجہ صالحہ کیطرف اشارہ ہی - چاند سے حاکم یا وزیر اور کبھی عالم کیطرف اشارہ ہوتا ہی - ستارون سے ذی عزت لوگون کی طرف اشارہ ہوتا ہے ستارے ٹوٹ کر زمین پر گرنے سے اہل کمال دنیا سے رخصت ہون - ابر وبارش سے رحمت و برکت کیطرف اشارہ ہی لیکن اگر کسی خاص ایک ہی گھر یا محلہ مین یا گارا کیچڑ دیکھے تو مرض اور پریشانی کیطرف اشارہ ہو - برف اور اولے کی کثرت بھی خرابی کی علامت ہی - دریا کا دیکھنا کبھی فرحت وسفر پر دلالت کرتا ہی کبھی غم کے اوپر - صاف پانی پینا بہت خوب ہی اور گدلا نامرغوب ہی - بہت سے دریا ہولناک دیکھنا دل کی پریشانی سے ہوتا ہی اور اچھا نہین ف دریا مین غرق ہو جانا بھی اچھا نہین

لیکن صوفی سالک کے لیے بڑی بشارت ہے۔ کشتی دیکھنا کام کی سرانجامی اور نجات کا اشارہ ہے بلا زخم کے بدن سے خون نکلتے دیکھنا نقصان مال کا اشارہ ہے مگر بعض مرتبہ خون ہی نکل آتا ہے اپنے یا دوسرے کے بدن کو لاغر یا چھوٹا دیکھنا اچھا نہین اگر دشمن کو لاغر و حقیر دیکھے تو دشمن مغلوب ہو اپنے آپ کو یا کپڑون کو نجاست و ناپاکی مین آلودہ دیکھے تو مال حرام پائے اور گناہ مین مبتلا ہو۔ پاپوش کو بالکل ٹوٹا پھوٹا دیکھنا خانہ ویرانی کی دلیل ہے۔ عورت اگر سر برہنہ دیکھے تو خاوند یا باپ کو رنج پہونچے۔ گردن مین موتی کا ہار دیکھے تو عورت کو اولاد کی بشارت ہے اور مرد کو حفظ قرآن یا ریاست و حکومت حاصل ہو روپیہ پیسہ کا حال مختلف ہے کسی کے لیے انکا دیکھنا مفید ہوتا ہے کسی کے لیے مضر مگر روپیہ کا دیکھنا اکثر اچھا ہوتا ہے اور پیسے دیکھنا مضر۔

حکایات متعلقہ تعبیر خواب

حکایت حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے لڑکپن مین خواب دیکھا کہ مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کو کھود کر اکھاڑ رہا ہون اسکو دیکھکر بہت خائف ہوے اور استاد سے جاکر عرض کیا انکے استاد صاحب نے تسلی دیکر فرمایا کہ صاحبزادہ اگر یہ خواب سچا ہے تو تمھارے لیے بڑی بشارت ہے تم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی احادیث کی پیروی کروگے اور انکی شریعت کو رواج دوگے چنانچہ آپ کے استاد کی تعبیر بعینہ پوری ہوئی اور شریعت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو جو رواج و ترقی آپ سے ہوئی وہ ظاہر ہے۔

حکایت ایک شخص نے حضرت محمد بن سیرین سے آکر عرض کیا کہ خواب مین دیکھتا ہون کہ ایک کانچ کا پیالہ میرے ہاتھ مین پانی سے بھرا ہوا ہے پیالہ گر کر ٹوٹ گیا مگر پانی ہوا مین ٹھہرا رہا محمد بن سیرین نے فرمایا کہ تمھاری کوئی زوجہ حاملہ ہے عرض کیا کہ ہے فرمایا کہ وہ ولادت کیوقت مرجائیگی اور لڑکا زندہ رہیگا چنانچہ اسی طرح ہوا۔

حکایت کسی نے آکر محمد بن سیرینؒ سے عرض کیا کہ خواب مین دیکھا ہی کہ ایک جانور آسمان سے اُتر کر درخت پر بیٹھا اور تمام کلیین چنکر نگل گیا یہ سنکر آپ کا چہرہ زرد ہو گیا۔ فرمایا کہ موت علما کی طرف اشارہ ہی چنانچہ حسنؒ بصری نے اسی سال مین وفات پائی۔

حکایت ایک شخص نے پوچھا کہ اے محمد بن سیرین ایک شخص نے دیکھا ہی کہ بیضے لیکر توڑتا ہی اور سپیدی رکھ لیتا ہی اور زردی پھینک دیتا ہی۔ آپ نے فرمایا کہ خواب دیکھنے والے کو بھیجو سائل نے کہا کہ آپ بتلا دیجیے مین اُس سے کہدونگا آپ نے انکار کیا وہ چلا گیا۔ پھر آیا اور اسی طرح سوال کیا آپ نے انکار فرمایا تیسری مرتبہ آکر اقرار کیا کہ مین نے ہی یہ خواب دیکھا ہی آپ نے قسم دلائی اُسنے قسم کھائی کہ بیشک مین نے ہی دیکھا ہی آپ نے حاضرین سے فرمایا کہ اسکو پکڑ کر بادشاہ کے پاس لیجاؤ کہ یہ شخص مردون کے کفن چراتا ہی۔ اُس شخص نے رو کر اپنی خطا کا اقرار کیا اور آیندہ کے لیے توبہ کی تب آپ نے چھوڑ دیا

حکایت عجیبہ ایک شخص نے خواب مین دیکھا کہ حجام نے اُسکا سر اور داڑھی اور مونچھین مونڈ ڈالین حضرت امام جعفر صادق رحمہ اللہ کی خدمت مین حاضر ہو کر عرض کیا آپ نے فرمایا کہ کسی مصیبت مین مبتلا ہو گے۔ وہ اسی غم مین چار روز گھر سے باہر نہ نکلے چوتھے روز نکلکر مسجد کے دروازے پر آئے ہی تھے کہ انکا ایک پرانا دوست گرفتار کیا ہوا چلا آتا تھا اور مارنے کے لیے اُسکو برہنہ کرتے تھے اُسنے چلا کر کہا کہ او میان دوست تمنے مجھکو مصیبت مین ڈالا ہے لو اب مسجد سے جاؤ اور وہ مال گھر سے لاکر دو جسکو مین نے تمھارے پاس رکھا تھا جسکی وجہ سے یہ مصیبت ہی۔ یہ غریب اس کلام کو سنکر بڑے پریشان ہوے اور کہا کہ لاحول ولا قوۃ تمنے کب مجھکو مال دیا تھا اُسنے کہا کیون باتین بناتے ہو فلان فلان چیزین لا دو۔ انھون نے بہت عذر کیا مگر کون سنتا تھا انکو پکڑ کر اُسی کے ساتھ قید کر دیا اور خوب سزا دی اور سارے

شہر مین شہرت ہوگئی کہ یہ بھی چوری مین شریک تھے آخر بادشاہ کے بیٹا پیدا ہونے کی خوشی مین بہت
سے قیدیون کے ساتھ یہ بھی چھوٹ گئے۔

حکایت ایک شخص نے محمد بن سیرین سے عرض کیا کہ مین نے خواب مین ایک عورت کو
دیکھا کہ اُس سے رشتہ کیا ہی مگر کالا رنگ اور پستہ قد ہی آپ نے فرمایا کہ جاؤ اُسی سے نکاح کرلو
سیاہی سے مال کیطرف اشارہ ہی اور پست قد عمر کم ہونے کیطرف۔ چنانچہ اُنھون نے نکاح کرلیا
اور تھوڑے عرصہ مین وہ عورت مرگئی انکو مال ملگیا۔

فتوے متعلقہ طاعون

کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین کہ مرض طاعون جو اس زمانہ مین عام ہوگیا ہی
یہ رحمت ہی یا عذاب اور اسکے دور ہونے کے لیے دعا کرنا جائز ہی یا نہین اور جو لوگ اسمین مرتے
ہین اُنکو کچھ ثواب ہوتا ہی یا نہین اور جس بستی مین طاعون ہو اُسکو چھوڑ دینا اور جس مکان مین چوہا
مرا ہو یا کسی کو طاعون ہوا ہو اُسکو چھوڑ دینا یا مکان چھوڑکر باہر جنگل مین رہنا جائز ہی یا نہین
اور علاج اس وبا کا کیا ہی بَيِّنُوا تُوجَرُوا سائل بندہ سعید احمد۔

جواب واضح ہو کہ یہ مرض ہماری بدعملیون کا نتیجہ ہی۔ شامت اعمال ما صورت نادر گرفت
اور خدا تعالے کا عذاب ہی چنانچہ حدیث شریف مین آیا ہی بَقِيَّةُ رِجْزٍ اُرْسِلَ عَلٰى بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ یعنے
یہ اُس عذاب کا باقی ماندہ ہی جو حضرت موسئے کی امت پر بھیجا گیا تھا مگر اسمین مضمون رحمت کا بھی
موجود ہی چنانچہ بخاری شریف کی حدیث مین آیا ہی ان اللہ جعلہ للمومنین یعنے خدا تعالے
نے اسکو مومنین کے لیے رحمت بنایا ہی جو لوگ وبا کے زمانہ مین صابر و شاکر رہتے ہین اور جانتے
ہین کہ جو کچھ ہوتا ہی وہ خدا کے حکم سے ہوتا ہی اور کوئی کلمہ بے صبری اور ناشکری کا زبان سے نہین

نکالتے وہ اگر نہ بچ جاتے ہین تب بھی شہید کا ثواب انکو ملتا ہی یہی مضمون ہی بخاری شریف کی حدیث
کا اور جو لوگ مبتلا ہو کر مر جاتے ہین وہ بھی شہادت کا درجہ پاتے ہین صحیح بخاری اور مسلم شریف مین ہی
اَلْمَطْعُوْنُ شَهِيْدٌ اور اَلطَّاعُوْنُ شَهَادَةٌ لِّكُلِّ مُسْلِمٍ اور چونکہ یہ ایک قسم کا عذاب ہی لہذا اسکی دفع ہونیکے لیے
دعا کرنی بلا شبہہ جائز بلکہ ضروری ہی کیونکہ دعا عند الشدائد مامور لہا ہی جس شہر مین طاعون ہو مرض
کے خوف سے اُسکو چھوڑ کر بھاگنا حرام ہی اور جس شہر مین طاعون ہو وہان جانا جائز نہین کیونکہ معتبر
حدیثون مین اسکی صاف اور سخت ممانعت ہی مگر کسی کام کے لیے زیادہ ضرورت کے وقت جانا جائز ہی البتہ
جس مکان مین چوہا مرا ہو یا موت ہو گئی ہو اُسکو بدلکر دوسرے مکان مین چلا جانا جائز ہی اسیطرح اپنی بستی کے باہر
آس پاس جنگل مین بانس وغیرہ کے گھر بنا کر رہنا بھی جائز ہی اور گندھک لوبان وغیرہ جلا کر مکانو اور کپڑونکو
دھوان دینا اور صفائی کرنا بھی جائز ہی مگر ہر حال مین یہ خیال اور اعتقاد رکھنا ضرور ہی کہ مکان بدلنے یا باہر
جانے سے قضا خداوندی نہین ٹلتی جیسے دوسرے علاج ہین ایک یہ بھی علاج ہی اور وقت سے پہلے کبھی موت
نہین آتی بعض جاہلون مین جو مشہور ہی کہ وبا مین بےموت بھی مر جاتے ہین یہ بالکل غلط اور باطل ہی موت ایک
پل بھر آگے پیچھے نہین ہو سکتی - علاج اسکا بقاعدۂ شریعت یہی ہی کہ دعا و استغفار کرین گناہونکو چھوڑین
حقوق العباد ادا کرین (طاعون کے متعلق بخاری و مسلم شریف اور تمام کتب صحاح وغیرہ مین نہایت کثرت
سے احادیث موجود ہین گنجایش نہونے کیوجہ سے نقل نہین کیا اس زمانہ کے بعض عُلما اس مسئلہ مین بہت
تنگی کرتے ہین اُنکو چاہیے کہ مخلوق کی مصیبت پر غور کرین اور علماے حقانی فقہاے نامدار اور شراح حدیث
کے ارشادات پر نظر کرین کہ کہان تک وسعت فرمائی ہی اور یحییٰ بن عبد اللہ کی روایت کو ابوداؤد مین دیکھکر
اُسکے متعلق علماء کے اقوال دیکھین اور حضرت شاہ عبد العزیزؒ نے جو چیچک کے بارے مین حکم دیا تھا اوسے
خیال کرین) واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم -

کتبہ ضعیف الایمان راجی رحمۃ رب المشرقین فقیر سید اصغر حسین حسنی حنفی دیوبندی عفی عنہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جامع المعلومات

در بیان

تعبیر و عجائبات

یعنی حصہ دوم تعبیر نامۂ خواب اُردو جسمین ہر قسم کی مفید و دلچسپ معتبر باتین جمع کیگئین سب سے پہلا خواب[1] خدا تعالیٰ نے جب تمام مخلوق کی صورتین حضرت آدم کے سامنے کر کے دکھلا دین تو پوچھا کہ تبلائیے زمین کوئی آپ کے ہمشکل بھی ہی یا نہین آپ نے فرمایا کہ کوئی بھی نہین اور دعا کی کہ یا خدا میری ایک زوجہ بنا دو جو میرے ہمشکل ہو خدا تعالیٰ نے آدم علیہ السلام پر نیند کو بھیجا آپ سو گئے تو خواب[1] مین حضرت حوا کی صورت دیکھی بیدار ہوے تو دیکھتے ہین کہ وہی عورت انکے سر کے پاس ہین [جنکو خدا تعالیٰ نے انکے پہلو سے پیدا کر کے بٹھلا دیا تھا] خدا تعالیٰ نے فرما دیا کہ جانتے ہو یہ کون ہین آدم علیہ السلام نے فرمایا کہ وہی ہین جنکو خواب مین دیکھا تھا **بُرے خوابکا دفعیہ** جب کوئی ڈرانے والا اور بُرا خواب دیکھو تو اُس تدبیر کے علاوہ جو حصہ اول مین لکھی گئی ہے [2] یہ دعا پڑھو انشاء اللہ کچھ نقصان نہوگا اَعُوْذُ بِمَا مُوْسیٰ وَعِیْسیٰ وَاِبْرَاھِیْمَ الَّذِیْ وَفّٰی وَمُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰی مِنْ شَرِّ الرُّؤْیَا الَّتِیْ رَاَیْتُھَا اَنْ تَضُرَّنِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَمَعِیْشَتِیْ عَزَّ جَارُہٗ وَجَلَّ ثَنَاؤُہٗ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُہٗ **اللہ تعالیٰ کو خواب مین دیکھنا** ممکن ہی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیا اولیا اور عام

[1] یہی سب سے پہلا خواب تھا ۱۲ [2] یہ مضمون ہی معتبر کتب علماے جلیل القدر کا ۱۲

مؤمنین اس سے مشرف ہوے ہین لیکن جو صورت و شکل نظر آوے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ واقع مین ذات باری جل جلالہ
ایسی ہی ہی بلکہ وہ ذات مقدس جسم و مکان خیال و گمان سے برتر اور پاک ہی جو کچھ دکھلایا گیا ہی وہ اسکی ناقص
اور حوصلکی مقدار پر تھا **تعبیر** اسکی نہایت مبارک ہی کہ وہ شخص قیامت مین خدا تعالی کے دیدار اور جمال سے
مشرف ہوگا۔ اگر دیکھا کہ خدا تعالی کو بوسہ دیتا ہی تو جو اجر و ثواب عبادت کا یہ چاہتا ہی وہ ملجایگا۔ اگر دیکھے کہ
خدا تعالی نے اسکو دنیا کی کوئی چیز یا مال اپنے ہاتھ سے دیا ہی تو مصیبت مین مبتلا ہوگا مگر اجر عبیاب پائیگا اگر
دیکھے کہ خدا تعالی کے اور اسکے درمیان پردہ پڑا ہوا ہی تو خیال کرے کہ یہ کسی گناہ کبیرہ مین مبتلا ہی اُس سے توبہ
کرے **رات اور دنکا خواب** معتبر ہونے کے برابر ہی بخاری شریف مین امام محمد بن سیرین سے یہی منقول ہی اور
عینی شرح بخاری مین حضرت سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے بھی یہی روایت ہی کہ رات اور دن کے خواب مین کچھ فرق نہین
البتہ قریب صبح کے جو خواب ہو وہ اکثر صحیح اور جلد واقع ہوتا ہی **خوابکی ایک قسم ہی ہمۂ نفس** یعنی وہی خیالات
جو بیداری مین رہتے ہین مثلاً جس کام اور پیشہ مین لگا رہتا ہی اُسی کو دیکھے یا ایسے شخص کو دیکھے جس سے ازحد
محبت ہی اور اُسکا خیال اکثر رہتا ہی یا جس چیز سے ڈرتا ہی وہی خواب مین آجاے یا بھوکا سویا تھا اور دیکھے کہ کھانا
کھاتا ہی یا پیاس مین دریا دیکھے یا بدہضمی کی حالت مین سوتے ہوے قے کرنا دیکھے۔ یا دھوپ مین سویا ہی اور دیکھتا
ہی کہ آگ مین جل رہا ہی یا بدن مین درد ہی اور خواب مین نظر آئے کہ کسی جگہ اسکو سزا دیتے ہین یا عذاب ہو رہا ہی
ایک قسم مرموزہ ہی جسمین بطور رمز و اشارات کے ایسی طرح کوئی ہونیوالی بات دکھلائی جاے جسکا سمجھنا بہت
دشوار ہو یہ خواب ارواح مؤمنین کیطرف سے ہوتا ہی بحکم خداوند جل و علا **مثال** کسی زمانہ مین ایک شخص نے
خواب دیکھا کہ کوئی فرشتہ کہتا ہی کہ تیری زوجہ تجھکو تیرے دوست کے ہاتھ سے زہر پلا دیگی چند روز کے بعد معلوم ہوا کہ وہ
عورت اس دوست کے ساتھ زنا مین مبتلا ہوگئی جیسے زہر کو پوشیدہ رکھتے ہین اور نہایت تلخ و ناگوار ہوتا ہی ایسے
ہی زنا بھی پوشیدہ تھا اور شوہر کے لیے زہر کیطرح تلخ تھا **صاحب خواب** جسقدر سچا اور راست گو ہوگا اُسیقدر
اسکا خواب بھی سچا اور صادق ہوگا پس اگر تم چاہتے ہو کہ تمھارے خواب سچے ہوا کرین تو جھوٹ اور غیبت اور

چغل خوری سے بچتے رہو۔ جو شخص جھوٹ بولتا ہی لیکن جھوٹ کو اور جھوٹ بولنے والون کو بُرا سمجھتا ہی اُسکے خواب بھی
بہت سے سچے ہو جاتے ہین۔ جو شخص خود بھی جھوٹ بولتا ہی اور اپنے اور دوسرون کے جھوٹ کو بُرا بھی نہین سمجھتا
اُسکے خواب جھوٹے ہوتے ہین **نابالغ** کا خواب بھی سچا اور صحیح ہو جاتا ہی چنانچہ یوسف علیہ السلام نے
سات برس کی عمر مین دیکھا تھا کہ گیارہ ستارے اور شمس و قمر اُنکو سجدہ کرتے ہین یہ خواب عرصۂ دراز کے بعد
واقع ہوا جبکہ مصر مین جا کر آپ کے والدین اور بھائیون نے تعظیم کا سجدہ کیا جو اُس اُمت مین جائز تھا اور
اب حرام ہی **کافر** کے خواب بھی بارہا صحیح ہوتے ہین مصر کے بادشاہ نے خواب دیکھا کہ سات فربہ گائین ہین اُنکو
سات لاغر گائے کھائے جاتی ہین اور سات بال (خوشہ) غلہ کی نہایت عمدہ ہری بھری سرسبز ہین اُنکو سات
خوشہ خشک نے کھا لیا یوسف علیہ السلام نے تعبیر فرمائی کہ سات سال سرسبزی اور ارزانی رہیگی پھر سات
سال گرانی خشکی اور قحط پڑیگا جسمین سات برس کا جمع کیا ہوا غلہ لوگ کھا جائینگے چنانچہ اسیطرح واقع ہوا
یہ بادشاہ ایماندار نہ تھا۔ **مسئلہ تعبیر** حائضہ عورت کے خواب بھی سچے ہو سکتے ہین اور غسل کی حاجت مین
سونیوالے کے خواب بھی صحیح ہو جاتے ہین کیونکہ قلب مومن بموجب قول سرور انبیا صلے اللہ علیہ وسلم کسی
حال مین نجس نہین ہوتا۔ البتہ جس خواب کو دیکھکر احتلام ہوا ہی وہ صحیح اور سچا نہین ہو سکتا یہی مضمون ہے
عربی تعبیر نامۂ کلان مین **دوسرونکی حالت** کبھی اپنے اوپر نظر آتی ہی۔ کوئی بات اپنے لیے دیکھتا ہی
اور ہو جاتی ہی۔ اُسکے دوسرے کے لیے یا مان باپ یا بیٹے یا کسی رشتہ دار کے لیے کبھی ہمسایہ کیلیے ہو جاتی
ہی کبھی اُسکے ہمنام کے لیے ہوتی ہی اور کبھی اُس شخص کے لیے جسکے ساتھ شریک ہو کر کام کرتا ہی یا شریک نہین
مگر وہ بھی اسی کا ہم پیشہ ہی **مثال** ابوجہل نے جو عرب کا نہایت مشہور کافر اور رسول خدا صلے اللہ علیہ و
سلم کا بڑا دشمن تھا خواب مین دیکھا کہ وہ دین اسلام مین داخل ہو گیا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
سے بیعت کر لی ہی۔ اُسکو تو یہ دولت کبھی نصیب نہوئی اور جنگ بدر مین کفر ہی کی حالت مین قتل ہو گیا
لیکن اُسکے بیٹے حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ جو پہلے اپنے باپ کیطرح اسلام سے بڑی دشمنی رکھتے تھے خدا تعالے

کی ہدایت سے فتح مکہ کے بعد سنہ ہجری مین اس دولت سے مشرف ہوے اور رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم
کی وفات سے تین برس بعد یرموک کی لڑائی مین شہید ہوگئے رضی اللہ تعالیٰ عنہ **مثال دیگر** ایک بزاز نے
دیکھا کہ چور اسکا تمام مال واسباب لیگئے دس دن کے بعد دوسرے شخص کے چوری ہوگئی جو کپڑے کی
سوداگری کرتا تھا۔ **آداب تعبیر** کچھ حصہ اول مین بیان ہوچکے ہین تعبیر دینے والے کو چاہیے کہ خواب
سُننے اور تعبیر دینے سے پہلے یہ دعا پڑھے خَیْرًا رَأَیْتَ خَیْرًا تَکُوْنُ شَرًّا لِاَعْدَائِکَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
اوقات تعبیر سب سے بہتر وقت تعبیر کا صبح کی نماز کے بعد طلوع شمس سے پہلے ہے حضرت سید عالم صلی اللہ
علیہ وسلم اسیوقت اپنے صحابہ کے خواب سُنکر تعبیر دیا کرتے تھے یہی مضمون ہے بخاری شریف اور اُسکی شرح کا
بعض علمای تعبیر نے فرمایا ہی کہ طلوع شمس سے پہلے تعبیر دینا مناسب نہین لیکن اُنکا یہ قول مقبول نہین امام
بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اسکو ناپسند فرمایا ہی یہ مضمون ہی عینی شرح بخاری کا خاص طلوع آفتاب کیوقت
اور زوال کے وقت اور بوقت غروب تعبیر دینے کو علماے تعبیر نے منع فرمایا ہی اور سہ شنبہ اور چہار شنبہ کے
روز تعبیر دینے کو بھی مکروہ کہا ہی شب کے وقت بھی تعبیر دینے مین کچھ مضائقہ نہین **تعبیر کا عجیب طریقہ**
بعض عالمان تعبیر نے فرمایا ہی کہ اگر کوئی خواب ایسا دشوار ہوجاے کہ اُسکا بھلا بُرا ہونا تعبیر دینے والے کی سمجھ
مین نہ آوے اور وہان اس سے زیادہ جاننے والا ملتا بھی نہو تو خواب والے سے کہے کہ شنبہ (یعنی سنیچر) کے
دن صبح صبح اپنے گھر مین سے نکلکر جس شخص سے اول ملاقات ہو اُسکا نام پوچھنا اگر پہلے سے واقف ہو تو
پوچھنے کی ضرورت نہین، اگر اُسکا نام اچھا ہی (مثلاً۔ احمد۔ بشیر۔ سعادت وغیرہ) تو سمجھیے کہ خواب اچھا ہے
اور اگر نام مین کچھ بُرائی ہو (مثلاً کلوا چھوٹا جنگی خان) تو خواب مین اندیشہ ہی کچھ صدقہ خیرات دیدے۔
خواب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آپنے خواب مین ملاحظہ فرمایا کہ مین مکہ سے ہجرت کرکے ایسے شہر مین
جاتا ہون جہان خرمے کے درخت بکثرت ہین آپ نے خیال فرمایا کہ شاید وہ شہر یمامہ[1] ہو یا ہجر کیونکہ وہان کی

---

[1] یمامہ ایک شہر بصرہ سے سولہ منزل پر ہے اور ہجر بھی یمن کا ایک شہر ہے ۱۲

کے درخت بہت ہین لیکن وہ مدینہ منورہ تھا وہان بھی خرمے کے درخت کی کثرت ہی **عجیب و معتبر روایات**
خواب اول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ابوخزیمہ انصاریؓ نے آپکی خدمت مین عرض کیا کہ مین نے
خواب مین دیکھا ہی کہ مین آپکی پیشانی مبارک پر سجدہ کرتا ہون آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم یہ سنکر لیٹ گئے کہ آؤ اپنا
خواب سچا کرلو۔ ابوخزیمہ نے جھک کر آپکی پیشانی پر سجدہ کرلیا۔ سبحان اللہ سبحان اللہ کیا خلق تھا سید عالم کا روحی فداہ
وصلی اللہ علیہ وسلم **دوم** رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر سے فرمایا کہ ہمنے خواب دیکھا ہی کہ ہم اور تم ایک زینہ
پر چڑھتے ہین۔ مین تمسے ڈھائی درجہ آگے بڑھگیا۔ ابوبکرؓ نے عرض کیا کہ یون خیال مین آتا ہی کہ آپ مجھسے دو برس پہلے جنت
خداوندی مین داخل ہوجائینگے اور مین دو برس آپ کے بعد دنیا مین رہونگا اور یہی ہوا **سوم** ابوبکرؓ سے
ایک شخص نے کہا کہ مین نے آپکو لومڑی (روباہ) کے ساتھ دوڑتے ہوے دیکھا ہی آپنے فرمایا کہ معلوم ہوتا ہی تم
زبان درازی اور جھوٹ مین مبتلا ہو توبہ کرو **چہارم نہایت عجیب** حضرت ثابت بن قیسؓ رسول مقبول
صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابی ابوبکر کے زمانے مین حضرت خالد بن ولید (مشہور اسلامی سپہ سالارؓ) کی ماتحتی مین مسیلمہ
کذاب کو قتل کرنے کے لیے جنگ یمامہ مین تشریف لیگئے ایکدفعہ مسلمان کسیقدر متفرق ہوگئے تو سالمؓ نے (جو
حذیفہ کے آزاد کردہ غلام تھے) غیرت اور جوش مین آکر ثابت بن قیسؓ سے کہا کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم کی ہمراہی مین تو ہم ایسی سستی سے نہین لڑا کرتے تھے۔ سالم اور قیس بن ثابتؓ نے مرنے پر کمر باندہی
اور اپنے لیے قبر کھودکر تیار کردی اور لڑائی مین نکلکر وہ داد شجاعت دی کہ دشمنون کے ہوش اُڑگئے اور صدہا
کافرونکو جہنم مین پہونچا کر خود بھی شہید ہوگئے۔ رضی اللہ عنہما ثابت ایک بیش قیمت زرہ پہنے ہوے تھے۔ یہ زرہ دیکھکر
ایک مسلمان شخص نکالکر لیگیا۔ لڑائی کے بعد سالم اور ثابت اور تمام شہداء دفن کردیے گئے زرہ کی کسیکو خبر بھی
نہوئی۔ آیندہ شب کو ثابتؓ ایک مسلمان کے خواب مین تشریف لائے اور فرمایا کہ دیکھنا ایک ضروری کام کی تمکو وصیت
کرتا ہون ایسا نہو کہ معمولی خواب خیال سمجھکر اسکو بھول جاؤ۔ کل جب مین شہید ہوگیا اور راستے مین پڑا ہوا تھا مسلمانون
ہی مین سے ایک شخص میرے پاس سے گذرا اور میری نفیس زرہ بدن پر سے اُتار لیگیا۔ وہ شخص لشکر مین سب سے

کنارے پر ٹھہرا ہوا ہی اور اُسکے خیمہ کے سامنے ایک گھوڑا رسی مین بندھا ہوا کودھا ندرہا ہی وہان زرہ کے اوپر دہ شخص
لیٹا ہوا ہی تم خالد بن ولیدؓ [سردار لشکر] کے پاس جانا اور اُنسے اپنا خواب بیان کرکے میری طرف سے کہنا کہ ہماری
زرہ اُس شخص سے منگالین۔ اور جب مدینہ منورہ مین یہان سے واپس جاؤ تو ابو بکرؓ خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کی خدمت مین حاضر ہو تو کہدینا کہ میرے ذمہ پر اسقدر قرض ہی اور میرے فلان فلان غلام آزاد ہین یہ خواب
دیکھنے والے مسلمان اگلے روز خالد بن ولیدؓ کیخدمت مین آئے اور خواب بیان کیا اُنھون نے اُسی پتہ اور نشان پر
آدمی بھیجا اور ثابتؓ کی زرہ منگالی۔ لڑائی سے فراغت پاکر مدینہ منورہ پہونچے تو ابو بکرؓ سے ثابت کا پیام پہونچایا اُنھون نے
غلامون کو آزاد اور قرض کو ادا کرکے انکی وصیت پوری کرادی۔ ثابت بن قیسؓ کے سوا کوئی ایسا نہین سُنا ہے
جسکی موت کے بعد کی ہوئی وصیت پوری کیگئی ہو مصداق ﷲ ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا
بل احیاء ولکن لا تشعرون

عجائب المعلومات۔ انگور و شراب

روضۃ العلماء مین
لکھا ہی کہ نوح علیہ السلام نے انگور کا درخت جمایا تو شیطان آکر اُسکی جڑ مین ایسی خبیث پھونک مار گیا کہ وہ خشک ہوگیا
نوحؑ اس اپنے شوق سے لگائے ہوے درخت کو خشک دیکھکر نہایت غمگین ہوے شیطان بہت غریب صورت بناکر
آیا اور عرض کیا کہ آج آپ غمگین کیون ہین۔ نوحؑ نے اپنے درخت کا حال بیان کیا۔ ابلیس نے کہا کہ اگر آپ اسکی جڑ
مین چند جانور ذبح کرنیکی اجازت دین تو آج ہی سرسبز ہوجاے۔ آپنے فرمایا اچھا اجازت ہی۔ شیطان نے ایک
شیر اور ایک چیتا اور ایک لومڑی ایک کُتا ایک مرغ لاکر ذبح کرکے خون اُسکی جڑ مین ڈالدیا۔ انگور اُسیوقت سبز ہوگیا
اسیوجہ سے شراب انگوری پینے والا شیر کیطرح شجاع اور بیخوف ہوجاتا ہی اور بھیڑیے کیطرح قوی اور چیتے کی طرح
غضبناک اور کتے کیطرح پیچھے لگ جانے اور حملہ کرنیوالا اور لومڑی کیطرح باتین بنانیوالا اور مرغ کیطرح چلانیوالا ہوجاتا
ہی ایسی خبیث اثر کیوجہ سے شراب نوحؑ پر بھی حرام ہوگئی اور ہم مسلمانون پر بھی

اونٹ شریف

خدا تعالی کی نہایت
ہی عجیب و غریب اور سراپا حکمت مخلوق مین سے اونٹ بھی ہی جسکو خالق باکمال نے خاص عرب کی سرزمین کے مناسب
بنایا ہی۔ آنکھ کے اوپر پپوٹے ڈھلے ہوے تاکہ ریگستان کا گرد و غبار آنکھ کو ضرر نہ پہونچا سکے گردن بلند تاکہ اُس خشک

میدان کے اونچے ببول اور درختون پر پہونچ سکے ہونٹھ پھیلے ہوے تاکہ وہ خاردار درخت اُنمین بآسانی پہونچ جائین
بلکہ چرتے چلے جائین **ٹانگین** بڑی لمبی لمبی کہ ریگستان کا طوفان خاک سوار تک بہت کم پہونچے اور چھوٹے چھوٹے
درخت اور جھاڑیون سے کچھ دشواری نہو۔ **پانون** نرم اور پھیلے ہو سکے ریتی مین دھنس نہ جائین **معدہ**
مین پانی کے کئی مدجے تاکہ ان خشک جنگلون مین کئی دنکا پانی ایکدفعہ پی لے **صابر** ایسا کہ ہفتون خوراک نہ ملے
مگر اُسی ہمت سے [illegible] لیے جائیگا **قانع** ایسا کہ کئی روز کے فاقہ پر اگر تھوڑا سا چارہ ملجاے وہی کافی ہی کبھی حرف شکایت
زبان پر نہ لادے کھجور کی گٹھلیان اور ببول کے کانٹون کو شکریہ کے ساتھ کھالے **کوہان** کمر پر خدا تعالی نے اسکا ایک
خزانہ بنادیا ہی جب غذا نہین ملتی تو اُسکی چربی گھلکر اونٹ کو غذا کی طاقت دیتی ہی عرب کا مسافر جب اونٹ پر سوار ہو کر اُن
بیابانون مین گذرتا ہی جنکا سلسلہ ختم ہوتا نظر ہی نہین آتا تو اس سنسان اور وحشت خیز عالم مین اُسکو آسمان و زمین اور
اپنے اونٹ اور پہاڑونکے سوا کچھ نظر ہی نہین آتا اسی حالت کو پیش نظر رکھکر کلام پاک مین ارشاد ہوتا ہی

اہل دل ایسا کہ اشعار عرب سُنکر دنیا سے بیخبر ہو جاتا ہی اپنی جان کی بھی خبر نہین رہتی ہی
مستی مین کئی کئی منزلین رات بھر مین قطع کر جاتا ہی اور آخر مرجاتا ہی **کینہ ور** ایسا کہ برسون کے بعد بدلا لیتا ہی **عاقل**
ایسا کہ ایک بچہ نکیل پکڑکر منزلون لیے چلا جاے لیکن جہان ذرا خطرہ ہو فوراً بھڑک کر بھاگ جائے اُسطرف قدم نہ اُٹھائے
نصیبہ ور بھی ایسا کہ خود سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم اسکی پشت پر سوار ہوے **خاص باتین** اپنی ماں سے کبھی
جفتی نہین کرتا ایک شخص نے اونٹ کو دھوکا دیا اُسکی ماں کو بالکل کپڑے سے چھپا کر جفتی کرادی پھر کپڑا کھولدیا مدت کے
بعد اونٹ نے موقع پاکر اُس شخص کی شرمگاہ کو کاٹ ڈالا اور اُسکو جان سے مار ڈالا ایک اور اونٹ کو ایسا ہی دھوکا دیا گیا
تو اُسنے اسی غم مین اپنے آپکو مار ڈالا اسکے بدن مین پتہ نہین ہوتا جب سہیل ستارہ کو دیکھ لیتا ہی تو فوراً مرجاتا ہی غرض
یہ ایک نمونہ قدرت ہی اسکی تعریفونکے لیے دفتر چاہیے۔ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ
شیر کی خاص باتین دوسرے کا شکار کیا ہوا کبھی نہین کھاتا اپنے چھوڑے ہوے شکار کو دوبارہ نہین کھاتا ہی

پانی مین [illegible] نہین پیتا مرغ کی آواز سے گھبراتا ہی بلی سے بھاگتا ہی آئینہ دیکھکر حیران رہجاتا ہی اسکی جلد
اگر صندوق مین رکھدیا جاے تو کپڑے اور کتاب وغیرہ کو کیڑا نہ لگیگا جیسے کتا پانون اٹھاکر پیشاب کرتا ہی اسیطرح یہ بھی
بس اور کوئی جانور ایسا نہین کرتا مچھر کو برا کہنے سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہی اور فرمایا کہ اسنے ایک نبی کو
نماز کے لیے بیدار کیا تھا۔ اگر مچھر کسی کے کان یا ناک مین گھس جاے تو اسکے الٹے جانب کا خصیہ پکڑ لے یعنی داہنے کان مین ہو
تو بایان اور بائین مین ہو تو دایان **موسی** علیہ السلام جب طور پر بیہوش ہونے کے بعد واپس آئے تو اس نور و جلال
کا چہرہ پر یہانتک اثر تھا کہ جو کوئی آپ کو دیکھتا تھا فوراً مرجاتا تھا۔ اسی لیے چہرہ پر آپ نے نقاب ڈال لیا **موسی اور خضر**
علیہما السلام جب کشتی مین بیٹھے تو موسیٰ کے رفیق و خادم یوشع بھی ساتھ تھے فتح الباری جلد ہشتم ص۳۱۴ **شاگرد** کو
دھمکانا اور جھڑکنا جائز ہی جب اس مین اسکا کچھ نفع اور اصلاح ہو تفسیر کبیر سورہ کہف ص۴۹۹ **دیگر** انبیا صرف انسانون کے
نبی اور رسول ہوتے تھے ہمارے سردار رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جن و انس کے رسول ہین **حضرت ابراہیم**
علیہ السلام سے خداتعالیٰ نے بیٹے کو ذبح کرنے کو فرمایا تو تعمیل کے لیے حاضر ہوگئے اور موسی علیہ السلام کی قوم سے بیل
ذبح کرنے کو کہا تو حیلے حوالے کرکے ٹالنے لگے کسقدر فرق ہی انبیا مین اور عام مخلوق مین ابراہیم علیہ السلام نے اسّی برس کی
عمر مین اپنا ختنہ کیا یہ حدیث معتبر ہی۔ سب سے پہلے تہبند ابراہیم علیہ السلام نے پہنا ہی یہ حاشیہ بخاری مین لکھا ہی **حدیث**
شریف مین آیا ہی کہ جذامی کیطرف دیر تک نہ دیکھا کرو اور جب اس سے کلام کرو تو فاصلے سے رہا کرو۔ اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیے
کہ بیماری لگجاتی ہی بلکہ تمھارے اعتقاد درست رکھنے کو ایسا فرمایا **بادنجان** (بیگن کی تعریف مین جو حدیث لوگون کو
یاد ہوتی ہی وہ بالکل بے اصل اور غلط ہی قبر اپنے واسطے بنالینا جائز ہی حضرت عمر بن عبدالعزیز وغیرہ رحمۃ اللہ علیہم
نے ایسا کیا ہی بعض نے مکروہ فرمایا ہی کفن تیار رکھنا بالاتفاق جائز و درست ہی (شامی ص۹۳۵ کبوتر وغیرہ اگر مسجد کو خراب
کرتے ہین تو انکو نکالدینا جائز ہی دربابُ الکراہۃ شامی) **طالبعلم** سبق شروع کرنیکے وقت صرف بسم اللہ پڑھے اعوذ باللہ نہ پڑھے
(شامی) **پیشہ** رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے چچا عطر کی تجارت کرتے تھے سعد بن ابی وقاص اور زبیر بن
عوام تیر بنایا کرتے تھے [illegible] بن العاص گوشت فروخت کرتے تھے **ابوسفیان** تیل
اور سالن فروخت کرتے تھے عثمان بن ابی العاص درزی کا کام کرتے تھے رضی اللہ عنہم اجمعین **تمت**